سوال

(528)ولیمہ پر دعوت کےلیے دعوت ولیمہ کارڈ بنوانا؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

1 ولیمہ پر دعوت کےلیے دعوت ولیمہ کارڈ بنوانا؟

2 شادی کے دن دولہا کا سر پر پگڑی سی باندھنا، یعنی بازاری (کلاہ) جائز ہے یا سنت سے ثابت ہے کہ منع ہے؟

3 دولہا کا گلے میں ہار وغیرہ پھولوں کا ڈالنا۔ یعنی بازاری (مالا) جس کو کہتے ہیں۔ سنت سے ثابت ہے یا کہ ممانعت ہے؟

4 شادی کے روز دولہا کا زیور کسی سے مانگ کرلینا بیوی کےلیے نکاح کے بعد ان کو واپس کرنا جائز ہے؟

5 ولیمہ کی دعوت، رشتہ دار، دوست مجاہدین کے علاوہ اگر غریب لوگ نہ مل سکیں تو جو مانگنے والے ہیں وہ بھی غربا اور مساکین میں شامل کرسکتے ہیں؟

6 شادی کے روز دولہا کے ساتھ اس کے گھر سے اس کی والدہ، بہن کا ساتھ جانا اور نکاح کرکے ساتھ لے آنا یہ ثابت ہے کہ نہیں؟ یا کہ تین آدمی کا نکاح کےلیے جانا ثابت ہے یا کہ برات کے طور پر دس، پندرہ آدمی ساتھ جاسکتے ہیں؟ (محمد اعظم سلفی، راولپنڈی کینٹ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کی حیثیت اطلاعی مکتوبات کی سی ہے۔

2 پگڑی باندھنا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے، البتہ مخصوص موقعے پر کوئی مخصوص پگڑی باندھی جائے تو اس کا مجھے علم نہیں۔

3 اس کا جہاں تک مجھے علم ہے، کتاب وسنت میں کہیں ذکر نہیں آیا۔

4 درست ہے، اگر دھوکا دینا مقصود نہ ہو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((مَن غَشَّ فَلَيسَ مِنَّا))[1] ''جو شخص دھوکا دیوے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔''

5 درست ہے۔

6 برات کا کتاب وسنت میں کہیں ذکر نہیں، اگر نکاح سفر والا ہے تو کتاب وسنت کے سفر والے احکام ملحوظ رکھے جائیں گے۔ واللہ اعلم۔ 2[رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اگر لوگوں کو تنہا سفر کرنے کا (وہ نقصان) معلوم ہوجائے، جس کا مجھے علم ہے تو کوئی سوار رات کو اکیلا سفر نہ کرے۔'']3[رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: '' ایک سوار ایک شیطان ہے، دو سوار دو شیطان ہیں اور تین سوار ایک قافلہ ہے۔'']4 ۲ ۱ ۱۴۲۱ھ

1 صحیح مسلم کتاب الایمان باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم من غشنا فلیس منا

2 صحیح بخاری کتاب الجہاد باب السیر وحدہ

3 سنن ابی داوٗد کتاب الجہاد باب الرجل یسافر وحدہ سنن ترمذی

4.بخاری کتاب الجہاد باب السیر وحدہ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02 ص457

محدث فتویٰ